شوکت خانم ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے لیجنڈری اداکار دلیپ کمار کی وفات پر تعزیت۔

شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اور ریسرچ سنٹر کی انتظامیہ کی جانب سے لیجنڈری اداکار دلیپ کمار کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا گیا ہے۔ادارے کی جانب سے جاری کی گئی پریس ریلیز کے مطابق مرحوم اداکار نے شوکت خانم ہسپتال کی تعمیر کے لیے فنڈ ریزنگ میں اس وقت ساتھ دیا جب ہسپتال کو پیسوں کی اشد ضرورت تھی۔دکھی انسانیت کے لیے ان کی خدمات اس بات کو ثبوت ہیں کے وہ صرف ایک عظیم فنکار ہی نہیں بلکہ ایک عظیم انسان بھی تھے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز چیئر مین شوکت خانم میموریل ٹرسٹ، عمران خان نے بھی اپنے آفیشل ٹویٹر اکاؤنٹ سے شوکت خانم ہسپتال کے لیے مرحوم اداکار کی خدمات کو سراہتے ہوئے لکھا کہ جب شوکت خانم ہسپتال کی تعمیر کے منصوبے کا آغاز کیا تو عطیات جمع کرنے کے لیے انہوں نے نہایت سخاوت سے وقت دیا جسے وہ کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ یہ پہلے دس فیصد عطیات جمع کرنے کا کٹھن مرحلہ تھا چنانچہ لندن اور پاکستان میں ان کی شمولیت یہ خطیر رقم جمع کرنے میں انتہائی معاون ثابت ہوئی۔ دلیپ کمار نے سنہ 1991 میں لاہور میں ہونے والی شوکت خانم ہسپتال کی بنیاد رکھنے کی تقریب میں بھی اپنی اہلیہ سائرہ بانو کے ہمراہ شرکت کی تھی۔ہم ایسے انسان دوست فنکار کی فنڈ ریزنگ میں شمولیت اور کاوشوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ایسے انسان ہمیشہ لوگوں کے دلوں اور تاریخ میں زندہ رہتے ہیں۔